آسامیاں خالی ہیں

محکمہ زراعت کے شعبہ اصلاحِ آبپاشی کے تحت عالمی بنک کے تعاون سے جاری منصوبہ "پنجاب میں آبپاش زراعت کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کا منصوبہ" میں درج ذیل عارضی آسامیوں پر تقرری کے لئے مطلوبہ تعلیمی معیار و پیشہ ورانہ قابلیت کے حامل امیدواران سے مورخہ 2019-10-03 تک درخواستیں مطلوب ہیں۔ آسامیوں کے لحاظ سے مطلوبہ عمر کی حد اور تعلیمی قابلیت درج ذیل ہے۔

نام آسامی	بنیادی پے سکیل	تعداد آسامی	تعلیمی قابلیت	عمر کی حد
سپروائزر	11	75	میٹرک بمعہ زرعی انجینئرنگ، مکینیکل انجینئرنگ، آٹو اینڈ فارم مشینری یا سول انجینئرنگ میں پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن سے تین سالہ ڈپلومہ کا حامل ہو۔	20 تا 26 سال
راڈمین	01	70	پڑھا لکھا ہو۔	18 تا 25 سال

1. یہ بھرتی حکومتِ پنجاب کی کنٹریکٹ پالیسی 2004 کے مطابق ابتدائی طور پر ایک سال کیلئے ہوگی جس میں کارکردگی کی بنیاد پر پراجیکٹ کی تکمیل تک توسیع کی جاسکے گی۔
2. عمر کی بالائی حد میں گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے تحت رعایت دی جائے گی۔
3. کنٹریکٹ ایک ماہ کی تنخواہ کی ادائیگی یا ایک ماہ کے نوٹس پر کوئی وجہ بتائے بغیر منسوخ کیا جاسکے گا، اسی طرح ملازمت چھوڑنے کی صورت میں ایک ماہ کی تنخواہ یا ایک ماہ کا پیشگی تحریری نوٹس دینا لازمی ہوگا۔
4. کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی ہونے والے ملازمین پنشن، پراویڈنٹ فنڈ اور جی پی فنڈ کے حقدار نہ ہونگے اور نہ ہی ان کی تنخواہ میں سے اس مد میں کسی قسم کی کٹوتی کی جائے گی۔
5. کنٹریکٹ پر بھرتی ہونے والے ملازمین اس یا کسی اور آسامی کیلئے مستقل ملازمت کا کسی قسم کا استحقاق نہیں رکھیں گے۔ مزید برآں اس تقرری کی وجہ سے وہ سنیارٹی کے حقدار بھی نہ ہونگے۔
6. درخواستوں کے ساتھ ڈگریاں، سرٹیفکیٹ، کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی کسی گزیٹڈ آفیسر سے تصدیق شدہ کاپیاں اور دو عدد تازہ مصدقہ تصاویر لف ہوں۔
7. ٹیسٹ / انٹرویو کے لئے بعد میں علیحدہ اطلاع دی جائے گی۔ ٹیسٹ / انٹرویو کیلئے آنیوالے امیدواروں کو کوئی ٹی اے / ڈی اے نہیں دیا جائے گا اور انہیں انٹرویو والے دن اصل کاغذات پیش کرنا ہونگے۔
8. مروجہ قانون کے مطابق 3 فیصد معذور افراد کے لیے کوٹہ، 5 فیصد اقلیتی کوٹہ اور 20 فیصد کوٹہ محکمہ کے حاضر سروس اور ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کے لیے مختص ہے۔ درخواست گزار اپنی درخواست کے اوپر متعلقہ کوٹہ کے بارے میں لازمی درج کریں۔
9. امیدواران کا انتخاب حکومتِ پنجاب کی بھرتی پالیسی جو کہ 2004-09-17 کو جاری ہوئی کے مطابق کیا جائے گا۔
10. امیدواران کا ڈومیسائل پنجاب کا ہونا ضروری ہے
11. درخواستیں صرف بذریعہ ڈاک وصول کی جائیں گی۔
12. زیادہ درخواستوں کی وصولی کی صورت میں شارٹ لسٹ کئے گئے امیدواران کو انٹرویو کے لئے بلایا جائے گا۔
13. آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔
14. خواہشمند افراد کی طرف سے سادہ کاغذ پر تحریر کردہ درخواستیں ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) 21-ڈیوس روڈ، لاہور میں مقررہ تاریخ تک دفتری اوقات کے دوران پہنچ جانی چاہئیں۔

المشتہر

ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) 21-ڈیوس روڈ، لاہور